یعنی

اشعار گرد آوردهٔ شیخ علی حزین لاهجی

به امتثال امر

عالیجناب مهاراجه بهادر کشن پرشاد یمین السلطنة دام اقباله

به نشر و تهذیب

اقل العباد مسعود علی بی اے (علیگ)

به دار الطبع جامعهٔ عثمانیه چاپ گردید

سنه ۱۳۴۸ھ
۱۹۳۰ء

حیدرآباد دکن

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تمہید

—————(؛؛)—————

جس طرح اہل یورپ نے ہمارے ملکوں، ہماری حکومتوں اور ہماری دولتوں پر قبضہ کرلیا ہے اسی طرح وہ ہمارے علمی اور ادبی ذخیروں کے بھی مالک اور قابض ہوگئے ہیں۔ ہندوستان کا کوئی چھوٹا بڑا شہر ایسا نہیں ہے جس کے علمی اور ادبی نفائس اور نوادر چن چن کر یورپ کے کتب خانوں اور عجائب گھروں میں نہ پہنچ گئے ہوں۔ یہ بطور شکایت کے نہیں بلکہ بطور حکایت کے ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ان ذخیروں میں سے جو کچھ ہمارے پاس باقی رہ گیا، اس کے رکھ رکھاؤ اور اس سے استفادہ کی قابلیت بھی ہم سے مفقود ہوگئی ہے؛ برخلاف اس کے جو چیزیں یورپ پہنچ گئی ہیں وہ محفوظ ہیں اور ان سے استفادہ کے راستے کھلے ہوئے ہیں، اور اس لحاظ سے ہمارے خیال میں یہ بدقسمتی زیادہ تاسف کے قابل نہیں ہے۔ ہندوستان کے انہیں باقیماندہ

ذخیروں سے بعض اوقات کچھ جواہر پارے نکل آتے ہیں، اور اگر خوش نصیبی سے
ایسے لوگوں کے ہاتھ پڑ جاتے ہیں جو اُن کی قدر و قیمت سے واقف ہوتے ہیں
تو وہ روشنی میں آکر زمانہ کی دست برد سے بچ جاتے ہیں۔ کسے معلوم تھا اور کون
جانتا تھا کہ میرزا صاحب نے قدیم اساتذہ کے کلام کا ایک لاجواب انتخاب
کیا ہے، اتفاقاً ایک دوست کے پاس میں نے اسے دیکھا اور ان سے مستعار
لاکر اپنے استاد مولانا شبلی مرحوم کو دیا۔ مولانا مرحوم اسے دیکھ کر جس قدر خوش
ہوئے اور جس قدر اس کی قدر کی اس کا اندازہ کرنا ایسے لوگوں کے لیے
جنھوں نے بچشم خود یہ منظر نہیں دیکھا نہایت مشکل ہے۔ مولانا مرحوم حیدرآباد
سے کوئی بڑی تنخواہ نہیں پاتے تھے لیکن باوجود اس کے اس پر آمادہ تھے
کہ اگر مالک کتاب اس مجموعہ کے معاوضہ میں الفنا عف وزن میں چاندی
لینا چاہے تو وہ بخوشی دینگے۔ اس میں شک نہیں کہ یہ نسخہ نہایت خوش خط
اور جا بجا مذہب تھا اور بظاہر ایسا معلوم ہوتا تھا کہ شاہی یا کسی امیر کے
کتب خانہ کے لیے نہایت اہتمام سے لکھوایا گیا ہے، غرض مولانا مرحوم کی
تعریف اور قدر دانی کی شہرت نے حیدرآباد میں اس مجموعہ کی دھوم مچادی،
اور ہر ایسے شخص نے جس کے پاس بڑا کتب خانہ تھا اپنے کتب خانہ میں اس
کی تلاش شروع کی، نتیجہ یہ ہوا کہ عالیجناب نواب سالار جنگ بہادر دام اقبالہ
کے کتب خانہ سے بھی اس کا ایک نسخہ برآمد ہوا اور بعض دوسرے

لوگوں کے پاس بھی اس کا پتہ چلا، اور یہ مردہ تالیف از سر نو زندہ ہو گئی۔
شیخ علی حزیں کے اس سفینہ کی بھی تقریباً یہی کیفیت ہے۔ ایک صاحب
میرے پاس اسے فروخت کرنے کے لیے لائے، میں نے اس کا ذکر
عالیجناب راجہ راجایان سر مہاراجہ بہادر کشن پرشاد یمین السلطنت جی کے، سی،
آئی ای، صدر اعظم باب حکومت و پیشکار سرکار آصفیہ حیدرآباد دکن دام اقبالہ
سے کیا جو شعر و سخن کے دلدادہ اور علم و فن کے بڑے سرپرست ہیں۔ عالیجناب
ممدوح نے اپنی فطری سخاوت اور جبلی مروت سے نہ صرف بائع کی منہ مانگی
قیمت عطا فرما کر اسے خرید لیا بلکہ عام فائدہ کے خیال سے اپنی جیب خاص
سے اس کی طباعت کے لیے بھی ارشاد فرمایا اور شیخ علی حزیں کی سیرت پر ایک
علاحدہ نوٹ تحریر فرما کر عنایت فرمایا جو بطور دیباچہ کے اس کے ساتھ
شریک ہے۔

اہل فن، اس قسم کے انتخابات کے فوائد سے بخوبی واقف ہیں۔ ابوتمام
(متوفی سنہ ۲۳۱ ہجری) اور بحتری (متوفی سنہ ۲۸۴ ہجری) عرب کے مشہور شعرا
گذرے ہیں۔ جنہوں نے اپنی عمر عزیز اس فن کی تکمیل میں صرف کر دی
ہیں اور جن کے اشعار اپنی فصاحت و بلاغت اور حسن الفاظ کے لحاظ سے
سلاسل الذہب کے نام سے موسوم کیے جاتے ہیں لیکن عربی کے عالم ادب کو ان
کے کلام سے اتنا فائدہ نہ پہنچا جتنا کہ ان کے انتخابات یعنی حماسہ ابوتمام

اور حماسہ بحتری سے پہنچا۔ فارسی گو شعرا نے بھی سیکڑوں انتخابات کیے ہیں جو قدیم بیاضوں سفینوں اور مجموعوں میں نظر آتے ہیں لیکن ان میں سے کسی کو بھی وہ شہرت اور ناموری نہ حاصل کی جو ابو تمام کے حماسہ کو حاصل ہوئی، اور جہاں تک میرا علم ہے بجز ایک "خریطۂ جواہر" کے جو حضرت میرزا جانجاناں کا انتخاب ہے کوئی اور ایسا مجموعہ معرض طبع میں بھی اب تک نہیں آیا ہے۔ "خریطۂ جواہر" متوسطین اور متاخرین شعرا کے کلام کا بہترین انتخاب ہے۔

تقریباً تیس سال کا عرصہ ہوتا ہے کہ مولانا الطاف حسین صاحب حالی مرحوم اعلیٰحضرت غفران مآب میر محبوب علی خاں سابق والی ریاست کے جشن چہل سالہ کے موقع پر ان کے عہد کی تاریخ مرتب کرنے کے لیے حیدرآباد بلائے گئے تھے۔ اور سرکاری مہمان کی حیثیت سے نظام کلب میں مقیم تھے۔ مولانا کی آرام و آسائش کی نگرانی میرے سپرد تھی اس لیے مجھے روزانہ مولانا کی خدمت میں حاضر ہونا پڑتا تھا اور کبھی کبھی خود مولانا غریب خانہ پر تشریف لایا کرتے تھے۔ ایک دن مولانا مرحوم میرے یہاں تشریف لائے "خریطۂ جواہر" میز پر رکھا ہوا تھا اُسے اٹھا کر ملاحظہ فرمانے لگے اور میری طرف متوجہ ہوکر فرمایا کہ تم جانتے ہو کہ دہلی اور لکھنؤ کے مذاق شاعری میں جو فرق ہوگیا اس کے کیا اسباب

ہوئے، میں نے عرض کیا کہ اُسے بجز معاشری اور تمدنی ماحول کی تبدیلی کے اور کس چیز پر محول کیا جاسکتا ہے، فرمایا کہ بے شک یہ بھی ایک سبب ہو اگر سب سے بڑا سبب میرزا صاحب کا یہ انتخاب تھا، جو مدت دراز تک دہلی کے شعرا میں دائر و سائر رہا، اسی کا اثر تھا کہ وہ لوگ اساتذہ فن کے جادہ پر چلے اور بیراہ روی سے محفوظ رہے۔ غرضکہ عمدہ اشعار کا انتخاب اور خصوصًا ایسا انتخاب جو ماہرین فن کا کیا ہوا ہو قوم میں شعر کا صحیح مذاق قایم رکھنے اور پیدا کرنے میں بیحد مؤید ہوتا ہے، اس لحاظ سے اس انتخاب کا ایسے وقت میں شایع ہونا کہ ملک کے عام مذاق شاعری میں ایک عظیم تغیر واقع ہو رہا ہے، اور جس میں ارتقا اور ترقی کی امید کے ساتھ ساتھ اس کے تنزل اور خرابی کا اندیشہ بھی لگا ہوا ہے، جیسا کہ ایران میں ہوا، شاید اور زیادہ مفید اور کارآمد ثابت ہو۔

شیخ علی حزیں نے جو تذکرہ یا مجموعہ "مدۃ العمر" کے نام سے جمع کیا تھا وہ اصفہان کے افغانی محاصرہ میں ضائع ہو گیا، جس کا ذکر انھوں نے نہایت افسوس کے ساتھ اپنے "تذکرۃ الاحوال" میں کیا ہے۔ بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ شیخ صاحب تمام عمر اس فکر میں رہے کہ اپنے ضائع شدہ تذکرہ "مدۃ العمر" کو کسی طرح پھر زندہ کریں، اور اسی دھن میں انھوں نے تقریباً ۱۱۶۵ھ ہجری میں "تذکرہ شعرائے معاصرین" مرتب کیا، جو ان کے

دیوان کے ساتھ ہندوستان میں طبع ہو گیا ہے۔ اس میں تقریباً ایک سو شعرائے
معاصرین ایران کا ذکر کیا ہے، اس میں بھی شیخ کے تعصب اور بددماغی
کی جھلک صاف طور سے نظر آتی ہے۔ ہندوستان کے بیچارے شعراء
کی کیا حقیقت تھی جو وہ شیخ صاحب کے معاصرین کی محترم فہرست میں داخل
ہو سکتے۔ ایران کے اہل سنت و جماعت شعراء غالباً بر بنائے مذہب
اور شعرائے فرقۂ امامیہ بھی مثلاً واله داغستانی، شہرت شیرازی
قزلباش خاں امید غالباً ہندوستان میں موجود ہونے کی وجہ سے
یکقلم متروک کر دیے گئے ہیں، حالانکہ یہ لوگ کیا بلحاظ قابلیت اور کیا
بلحاظ تعلقات ایسے نہ تھے جو اس بے اعتنائی کے مستحق قرار پاتے۔ مگر
بقول واله داغستانی شیخ صاحب اپنی فطرت اور جبلت سے مجبور تھے۔ تذکرہ
معاصرین کی تکمیل کے بعد شیخ صاحب نے غالباً یہ سفینہ مرتب کیا ہے اس
میں بھی تقریباً سو شعراء کا تذکرہ یا کلام ہے اور بڑا حصہ ان شعراء کا ہے
جن کا نشو و نما شیخ اور اس کے معاصرین سے ایک یا دو پشت قبل، مگر
شاہان صفویہ ہی کے عہد میں ہوا ہے۔ اس سے قیاس یہ ہوتا ہے کہ شیخ صاحب
کا ارادہ تھا کہ اس سلسلہ کو اسی طرح بڑھاتے بڑھاتے اخیر تک لے جائیں
اور اس طور سے اپنے تذکرہ "مدۃ العمر" کو زندہ کر دیں مگر افسوس ہے کہ علالت
اور ضعف بصارت وغیرہ کی وجہ سے اس کا موقع نہ ملا۔ شیخ صاحب کو اخیر عمر

میں ضعفِ دماغ اور ضعفِ بصارت کی شکایت ہوگئی تھی جیسا کہ خود ان کے اس خط سے معلوم ہوتا ہے جو انہوں نے میر شمس الدین فقیر دہلوی کے نام لکھا ہے اور خاقانی کے بعض مستفسرہ اشعار کے معنی بیان کیے ہیں۔ اس ضعفِ پیری میں بھی مزاج میں وہی گرمی باقی تھی، اشعارِ مستفسرہ کے معنی تو بتا دیے ہیں مگر میر صاحب کو خوب آڑے ہاتھوں لیا ہے اور لکھا ہے کہ خاقانی کے دو ایک اشعار کے معنی معلوم کر لینے سے کچھ فائدہ نہیں ہو سکتا اس کے اشعار کے سمجھنے کی قابلیت پیدا کرنی چاہیے، اور خاقانی کی سخن آفرینی اور اس کے علم و فضل کی بہت تعریف کی ہے اور بتایا ہے کہ اگر اس کا کلام خارج کر دیا جائے تو فارسی کا علم ادب ناقص اور غیر مکمل رہ جاتا ہے۔

سفینۂ ہٰذا کی تالیف کا سال نہ سفینہ میں درج ہے اور نہ مجھے کسی دوسرے ذریعہ سے معلوم ہو سکا۔ شیخ صاحب نے اس سفینہ میں شعرا کا حال نہایت مختصر دیا ہے بلکہ بعض صورتوں میں مطلق کچھ نہیں لکھا ہے صرف ان کے چند اشعار نقل کر دیے ہیں؛ البتہ جہاں تنقید وغیرہ کی وہ ایسی ہے کہ سوائے شیخ صاحب کے اور کوئی شخص اس کی جرأت نہیں کر سکتا تھا، دیکھو بابا فغانی کا تذکرہ، جس میں ملا جامی کے زمانہ کی شاعری کے متعلق اظہار رائے کیا ہے۔ اس تنقید کو جن لوگوں نے نقل کیا ہے وہ

ملا صاحب کے علم و فضل سے مرعوب ہو کر اس جز کو چھوڑ جاتے ہیں جو خود ملا صاحب کے کلام کے متعلق ہے، بہر حال یہ سفینہ مختلف لحاظ سے قابل قدر ہے اور پبلک کو عالیجناب سر مہاراجہ بہادر کشن پرشاد یمین السلطنۃ المتخلص بہ شاد دام اقبالہ کا ممنون ہونا چاہیئے جن کی فیاضی اور علم دوستی سے نہ صرف یہ سفینہ بلکہ اور بیسیوں فارسی اور اردو کی مفید کتابیں طبع ہو چکی ہیں اور ہو رہی ہیں فقط

مسعود علی بی۔ اے (علیگ)
سابق سشن جج سرکار آصفیہ
حال رُکن دار الترجمہ

حیدرآباد دکن
سنہ ۱۹۳۰ء

شیخ علی حزیںؔ

کے

مختصر حالاتِ زندگی

ہندوستان کا ہر ایسا شخص جسے فارسی شعر سے تھوڑا سا بھی لگاؤ یا دلچسپی ہے شیخ علی حزیںؔ کے نام سے واقف اور ان کے کلام سے آشنا ہے۔ شیخ نے خود اپنے حالاتِ زندگی لکھے ہیں اور اس کا نام "تذکرۃ الاحوال" رکھا ہے۔ یہ تذکرہ سنہ ۱۱۵۴ھ م سنہ ۱۷۴۱-۲ء میں لکھا گیا ہے۔ یعنی ان کے ہندوستان آنے سے تقریباً (۲۰) سال کے بعد اور اُن کے دیوان کے ساتھ اور علیحدہ بھی کئی بار ہندوستان میں طبع ہو چکا ہے، اس لحاظ سے شیخ کے مزید حالات لکھنے کی ضرورت نہ تھی، مگر محض اس خیال سے کہ یہ سفینہ بھی اُن کے حالاتِ زندگی اور ایسے واقعات سے جو خود انھوں نے قلم انداز کر دیے ہیں یا جن کو وہ نہ لکھ سکتے تھے خالی نہ رہے۔ مَیں نے شیخ علی حزیںؔ کے مختصر

حالات لکھ کر اس سفینہ کے ساتھ شریک کر دیے ہیں :-

خلفائے بنی امیہ اور بنی عباس اور ان کے وزرار اور امرار کے بعد جن اسلامی سلطنتوں نے علم ادب اور خصوصاً شعر و شاعری کی سرپرستی میں نمایاں ناموری حاصل کی ہے، ان میں ہندوستان کی سلطنت مغلیہ اور ایک حد تک ایران کی سلطنت صفویہ کا نام لیا جا سکتا ہے۔ ان دو سلطنتوں کے دامنِ دولت میں بہت سے شعراء نے پرورش پائی ہے، اور نام آوری اور شہرت کے اعلیٰ مدارج پر پہنچے ہیں، مگر شیخ علی حزیں کے نشو و نما کے وقت یہ دونوں قادر ان سلطنتیں تنزل اور انحطاط کی منزلیں نہایت تیزی کے ساتھ طے کر رہی تھیں۔ شیخ کی پیدائش کے وقت ایران میں شاہ حسین فرمانروا تھا، جسے اس سلسلے کا آخر بادشاہ تصور کرنا چاہیے، کیونکہ اگرچہ اس کے بعد برائے نام دو شخص شاہ طہماسپ اور عباس سوم بادشاہ ہوئے۔ مگر وہ فی الحقیقت نادر کے ہاتھ میں کٹ پتلیوں سے زیادہ نہ تھے۔ شاہ حسین بیحد کمزور دل و دماغ کا فرمانروا تھا۔ ابتدائے حکومت میں اسے مذہب کی طرف بیحد رجحان تھا اور اس کے وقت کا بڑا حصہ عبادات اور تلاوت قرآن میں صرف ہوتا تھا، اس زمانے میں وہ بالکل ملاؤں کے ہاتھ میں تھا، سب سے بڑے مشیر ملا محمد باقر مجلسی تھے انہیں کے ایما سے اسلام کے بعض فرقوں اور خصوصاً صوفیوں کے ساتھ نہایت سخت برتاؤ کیا گیا۔ ان کی خانقاہیں گرا دی گئیں اور وہ سب ملک سے خارج

کردیے گئے۔ اس کے بعد جو رنگ اس پر آیا وہ اس سے بالکل مختلف تھا۔ شاہ حسین کی دادی اور امراء کی ایک زندہ دل جماعت کو بادشاہ کی یہ خشک اور افسردہ زندگی پسند نہ تھی انہوں نے شاہ حسین کو شراب وکباب پر لگا لیا۔ اور اس میں اس قدر افراط ہوگئی کہ اسی سلطنت کے کاروبار کے نام سے نفرت ہوگئی اور یہ اہم کام وزراء اور خواجہ سراؤں کے ہاتھ میں آگیا۔ یہی لوگ جو کچھ چاہتے تھے وہ کرتے تھے کوئی پوچھنے والا نہ تھا۔

اتفاق سے اس زمانہ میں ہندوستان میں جو شخص فرمانروا تھا وہ مختلف حیثیتوں سے ایران کے فرمانروا حسین کا ثنیٰ تھا۔ محمد شاہ رنگیلے کی حکومت تھی اور یہاں بھی سوائے رنگ رلیوں اور عیش وعشرت کے بادشاہ کو کوئی دوسرا کام نہ تھا۔ غرضکہ جیسا کہ پہلے بیان ہوا۔ شیخ علی حزیں نے ایسے وقت دُنیا میں قدم رکھا اور نشو ونما پایا جبکہ یہ دونوں ممالک علم وفضل کی سرپرستی اور قدردانی کے اوصاف بھول چکے تھے۔

شیخ کا مسقط الراس اصفہان ہے جو اہلِ ایران کے نزدیک آب وہوا کی لطافت، آبادی کی فراوانی، اور اہلِ کمال کے اجتماع کی وجہ سے دُنیا کے شہروں میں بے نظیر اور بے عدیل تھا۔ اصفہان کی تعریف میں ایرانی شعراء نے بیحد مبالغوں سے کام لیا ہے۔ ایک کہتا ہے:-

اصفہاں نیمہ جہاں گفتند   نیمہ وصف اصفہاں گفتند

دوسرا کہتا ہے :-

اگر در جہاں اصفہانے نہ بود خدائے جہاں را جہانے نہ بود

حکیم شفائیؔ نے تو اصفہان کی تعریف میں ایک مثنوی ہی لکھ ڈالی ہے۔ وہ فرماتے ہیں :-

گردوں پدر است و مادر ارکاں فرزند بہ از پدر صفاہاں

زاں آب و ہوا تبارک اللہ کافشاندہ اوست جان آگاہ

بر درگہِ ایں جہانِ حکمت یوناں باشد گدائے فطرت

شیخ کی تاریخ پیدائش ۲۷ ربیع الآخر سنہ ۱۱۰۳ھ مطابق ۱۹ جنوری سنہ ۱۶۹۲ء ہے۔ ان کے والد کا نام ابوطالب تھا۔ اسی وجہ سے انہوں نے اپنا نقش نگیں "علی بن ابوطالب" قرار دیا تھا۔ ان کا سلسلہ نسب اٹھارہویں پشت میں تاج الدین ابراہیم سے جا ملتا ہے جو زاہد گیلانی کے نام سے مشہور تھے اور شیخ صفی الدین اردبیلی بانی خاندان صفویہ ایران کے پیر مرشد اور خسر تھے۔ شیخ کا خاندان گیلان میں پہلے استارہ اور بعدہٗ لاہجان میں ایک زمانہ تک رہا کیا۔ شیخ کے والد طالب علمی کی غرض سے اصفہان آئے اور تکمیل تعلیم کے بعد اصفہان ہی میں نکاح کیا اور وہیں رہ پڑے۔ اس خاندان کے لوگ پیرزادے کہلاتے تھے اور شاہان صفویہ کے تمام عہد حکومت میں بڑی وقعت

اور عزت کی نگاہ سے دیکھے جاتے رہے۔ شیخ علی حزیں نے جو کچھ اپنے تذکرۃ الاحوال میں لکھا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے نہایت کم عمری یعنی تقریباً چھ سال کی عمر میں معمولی طور سے لکھنا پڑھنا سیکھ لیا تھا، اور آٹھ سال کی عمر میں کلامِ مجید اور تجوید کی تعلیم سے فراغت حاصل کر کے صرف و نحو، منطق، فقہ، حدیث، ہندسہ وغیرہ کی طرف متوجہ ہوئے اور ذہن رسا کی مدد سے بہت جلد معمولی نصاب تعلیم سے فارغ ہو گئے۔ شعر کا ابتدا سے شوق تھا، چنانچہ وہ خود لکھتے ہیں کہ "باکثرت مشاغل تحصیل و وظائف مراشوقے موفور بصحبت مستعدان و موزونان بود و باجمعے ازاں طائفہ مختلط بودم" اس کے بعد اپنی موزونی طبع کی ایک حکایت اس طرح بیان کی ہے کہ "ایک دن میرے والد کے مکان پر ذی علم لوگوں کا ایک مجمع تھا اور مختلف تذکرے ہو رہے تھے کہ ایک شخص نے ملا محتشم کاشی کا یہ مطلع پڑھا ؎

اے قامتِ بلند قداں در کمندِ تو   رعنائے آفریدہ قدِ بلندِ تو

حاضرین میں سے بعض لوگوں نے اس شعر کی بہت تعریف کی مگر والد مرحوم نے فرمایا کہ ملا محتشم کا دیوان میری نظر سے گذرا ہے۔ ان کے استاد ہونے میں کوئی کلام نہیں مگر ان کا کلام بے نمک ہے اور شیرینی بھی اس درجہ کی نہیں ہے کہ وہ اس بے نمکی کا معاوضہ کر سکے۔ کلام میں شیرینی سے زیادہ نمک کی ضرورت ہوتی ہے۔ میری رائے کی تائید خود یہی مطلع کر رہا ہے،

مطلع کا مصرعۂ آخر نہایت درست واقع ہوا ہے لیکن مصرعۂ اول کھٹکتا ہے اس میں اگر لفظ قامت نہ ہوتا اور یوں کہا جاتا "بلند قداں درکمند تو" تو بات ٹھیک ہوتی، حاضرین نے اس کی تصدیق کی بعدہٗ میری طرف متوجہ ہوکر فرمایا کہ مجھے معلوم ہے کہ تم نے ابھی تک شعر کہنا نہیں چھوڑا ہے اگر تم سے ہوسکتا ہے تو اسی طرح میں کوئی شعر کہو۔ یہ سُن کر معًا میرے ذہن میں ایک مطلع آیا، والد کی نظر دوسری مرتبہ جب میرے چہرہ پر پڑی تو اُن کو معلوم ہوگیا کہ میرے ذہن میں کوئی شعر آیا ہے فرمایا کہ پڑھو پڑھو شرماؤ نہیں۔ مَیں نے یہ مطلع عرض کیا:-

صید از حرم کشد خمِ جعد بلند تو   فریاد از تطاول مشکیں کمند تو

حاضرین جلسہ پر اس کا بہت اثر ہوا اور انہوں نے بہت تعریف کی، وہ انہیں تعریفوں میں تھے کہ میرے ذہن میں دوسرا شعر آیا :-

شد رشکِ طور زآمدنت کوئے عاشقاں

بنشیں کہ باد خوردہ جانہا سپند تو

اس شعر کو سُنکر والد مرحوم بھی بیتاب ہوگئے اور تعریف کرکے ارشاد ہوا کہ جس چیز کی نسبت میں کہتا تھا کہ ملا محتشم کے شعر میں نہیں ہے وہ اس میں موجود ہے۔ اسی اثناء میں مَیں نے تیسرا شعر عرض کیا:-

مشکل شدہ است کار دل از عشق خوش دلم

شاید رسد بخاطر مشکل پسند تو

اسی طور سے تھوڑی تھوڑی دیر میں برابر شعر کہتا گیا یہانتک کہ غزل تمام ہوگئی۔ حاضرین نے کہا اس طریقے سے بدیہہ کہنے کی آج کسی شخص کی مجال نہیں ہے۔ والد نے فرمایا کہ اب تم کو شعر کہنے کی اجازت ہے مگر اسی حد تک کہ اس میں زیادہ وقت ضایع نکرو۔ اور اپنا قلمدان اس غزل کے لکھنے کے لیے عنایت فرمایا"

غرضکہ یہیں سے شیخ کی باضابطہ شاعری کا آغاز ہوتا ہے شیخ کے والد کے عزیز و اقارب، اور ان کی جائداد لاہجان میں تھی، اپنے اعزہ سے ملنے اور جائداد کا انتظام کرنے کے لیے شیخ کے والد نے لاہجاں کا سفر اختیار کیا اور بیٹے کو اپنے ساتھ لے گئے۔ یہ شیخ کا پہلا سفر تھا اور کچھ ایسی گھڑی شروع ہوا تھا کہ اس سے ایک مدت دراز تک انہیں امن اور راحت نہ نصیب ہوئی۔ اس سفر میں جن جن علما اور فضلا سے ملنے کا موقع ملا تھا انہیں شیخ نے نام بنام بتایا ہے۔ اس سفر سے علاوہ دوسرے فائدوں کے بڑا فائدہ یہ ہوا کہ تحصیل علم کے شوق میں اضافہ ہوگیا، اور شیخ نے اصفہان واپس ہوکر تفسیر، فقہ، الہیات اور طب وغیرہ کی کتابیں وہاں کے مشہور اساتذہ سے پڑھیں، اور ان عیسائیوں اور یہودیوں کی صحبت میں رہکر جو بہ تعداد کثیر اصفہان میں مقیم تھے تورات اور انجیل اور اُن کی دوسری مذہبی کتابیں دیکھیں، اور اہل اسلام کے مختلف فرقوں سے

عقائد پر غور کیا، اور اکثر رسائل حواشی اور تعلیقات لکھے، اور اپنا پہلا دیوان مرتب کیا۔ اسی زمانہ میں بعض احباب شیراز جارہے تھے شیخ نے اپنے والدین سے اجازت لیکر ادھر کا قصد کیا اور وہاں کے علما اور فضلا سے بعض کتابیں تمام کیں۔ شیراز ہی کے ایک دوست میرزا ابوطالب شولستانی کی تحریک پر شیخ نے جمال الدین عبدالرزاق اور اُن کے بیٹے کمال الدین اسمٰعیل کی شاعری کا محاکمہ ایک مشہور قطعہ میں کیا ہے۔ بحث یہ تھی کہ باپ بیٹے میں بہتر کہنے والا کون شخص ہے۔ شیخ کی رائے سے بحث نہیں مگر یہ قطعہ خود شیخ کی قادر الکلامی کی ایک بین دلیل ہے۔ وقعات جس صفائی اور لطف سے بیان کیے گئے ہیں وہ قابلِ داد ہیں۔ ناظرین کی دلچسپی کے خیال سے اس کے بعض اشعار یہاں نقل کیے جاتے ہیں:۔

دوش از بر یارے کہ دلم شیفتۂ اوست | وز شرح کمال خردش ناطقہ لالست
آمد ببرم قاصد فرخندہ سرشتے | با نامۂ عذبے کہ اگر آب زلالست
نثرش نتواں گفت کہ سلکیست ز گوہر | ہر سطری ازاں در نظرم عقدۂ لالست
بکشودم و برخواندم و سنجیدہ و دیدم | کز بندہ رہی حاصل آن نامہ سوالست
کامروز دریں ناحیہ عاشق سخنا نرا | غوغا بسر شعر جمالست و کمالست
القصہ دریں مسئلہ یاراں دو گروہند | در حجت ترجیح یکے زیں دو جدالست
ایں شعر پدر ساورد آں شعر پسر را | یکسو نشد ایں مشغلہ امروز دو سالست

راضی شده اند آنهمه یاران مجادل — کز کلک تو حکمی که رسد وحی ثناست
بگشاد پے پاسخ سنجیده پر خویش — سیمرغ خیالم که سپهرش ته پاست
مجموعهٔ آں هر دو بدقت نگرستم — گر معجزه گفتن نتواں سحر حلالست
دیدم که دوات و قلم آں دو شهنشاه — در مملکت شوکتشاں کوس دو دواست

شعر شعرائے که قرینند بایشاں — نسبت بگهر سنجی آں هر دو سفاست

هر صفحه ز مشکیں رقم آں دو گهر سنج — چوں عارض خوباں همه خط و همه خالست
اما چو کسے دیدهٔ انصاف کشاید — ایں مطلع من آئینهٔ شاهد حالست
در شعر جمال ار چه جمالے بکمالست — اما نه بزیبائی ابکار کمالست

صد بار ز سر تا سر دیوانش گذشتیم — لیلی است که تا سر بقدم غنج و دلالست

استاد سخن گرچه جمالست و لیکن — تکمیل بهاں طرز و روش کار کمالست

ایں نامه نوشتم بشب هفتم شوال — ماه اینکه هزار و صد و سی و دو بپاست

شیراز ہی میں شیخ نے نوادر اور نفائس کا ایک مجموعہ تیار کرنا شروع

کیا جس کا نام "مدۃ العمر" رکھا تھا۔ ۱۱۳۰ھ تک اس میں تقریباً سات ہزار شعر جمع ہو گئے تھے۔ مگر اسی سال اصفہان کا سانحہ پیش آیا (جس کا ذکر آئندہ آئیگا) اور ان کی دوسری کتابوں کے ساتھ وہ بھی ضایع ہو گیا۔ شیخ کا بیان ہے کہ اگر وہ تمام ہو جاتا تو وہ اس قابل ہوتا کہ قدردان سلاطین کے خزانوں میں رہے۔

شیخ شیراز ہی میں تھے کہ اُن کے والد کا ایک خط اُنہیں ملا جس کے عنوان میں یہ رباعی تھی:۔

در دل ز فراق خستگیہا دارم | درکار ز چرخ بستگیہا دارم
با این ہمہ غم، تو نیز پیمان وفا | مشکن، کہ جز این شکستگیہا دارم

بڈھے باپ کے اشتیاق نے بیٹے کو بیتاب کر دیا۔ اور شیخ براہ یزد روانہ ہو کر اصفہان پہنچے اور اپنے والدین کی زیارت سے مشرف ہو کر علمی مشاغل میں مصروف ہو گئے۔ شیخ کے والدین اور عزیز اقارب کی خواہش تھی کہ شیخ تاہل اختیار کریں مگر وہ اس پر راضی نہ ہوئے۔ اسی زمانہ میں انہوں نے بعض رسالے مثلاً توفیق (شریعت اور حکمت میں توافق) ابطال تناسخ وغیرہ تصنیف کیے، اور دس ہزار اشعار کا اپنا دوسرا دیوان مرتب کیا زندگی آرام سے گزر رہی تھی کہ زمانے نے اپنے معمول کے مطابق کروٹ لی اور اس خاندان کے شیرازہ جمعیت کو درہم برہم کر دیا۔ ۱۱۲۷ھ میں

شیخ کے والد نے تین بیٹے چھوڑ کر انتقال کیا۔ جن میں سب سے بڑے خود شیخ تھے، اس کے دو سال کے بعد ان کی والدہ کا انتقال ہو گیا۔ شیخ نے اپنے والد کے انتقال پر جو مرثیہ لکھا ہے اس کے بعض اشعار یہ ہیں:۔

سپہر از مرگت اے صاف حقیقت بے صفا گشتہ   نمی ماند بسر کیفیتے مینائے خالی را
کشیدی تا زمن دستِ نوازش اے چمن پیرا   مثل چوں بید مجنوں گشتہ ام آشفتہ حالی را
تو در پیرانہ سر رفتی و من ہم در غمت پیرم   بحسرت میکنم ہر لحظہ یاد خرد سالی را

. . . .

بدل آہ رسائے دارم از مجموعۂ دانش   ز خاطر بردہ ام یکبار مصرعہائے خالی را

شیخ سے دل و دماغ کے شخص کے لیے، یہ صدمات ناقابلِ برداشت تھے۔ شیخ نے دونوں چھوٹے بھائیوں کو دادی کی آغوش پرورش میں چھوڑ کر پھر شیراز کا رُخ کیا، اور اس شعر پرور شہر میں رہ کر اپنا تیسرا دیوان تقریباً چار ہزار اشعار کا مرتب کیا۔ اس مرتبہ شیراز شیخ کو زیادہ زمانہ تک نہ روک سکا، قدیم دوست مر چکے تھے اور قدیم صحبتیں درہم برہم ہو چکی تھیں۔ پس ماندگان وطن کی یاد پھر وطن کھینچ لائی۔ شیخ کے خاندان کی جو جائداد لاہجان میں واقع تھی اور جس پر کل خاندان کی معیشت کا دارو مدار تھا اس کی آمدنی ان کے چچا کے انتقال اور ملازمین کی بد دیانتی کی وجہ سے گھٹتے گھٹتے بالکل موقوف ہو گئی اور بسر بُرد کا ذریعہ

محض موجودہ سرمایہ پر رہ گیا۔ زندگی اس پریشانی میں بسر ہو رہی تھی کہ زمانہ نے ایک نیا گل کھلایا۔ ایران کے لوگ مدتوں امن و امان کی حالت میں رہنے سے آرام طلب اور عیش پسند ہو گئے تھے۔ شاہ حسین ایک غافل اور کمزور بادشاہ تھا۔ گرد و پیش کی سلطنتوں اور قوموں کو ایران پر حملہ کرنے کے لیے اس سے بہتر اور کونسا موقع مل سکتا تھا۔ چنانچہ ترکوں نے عراق عرب اور روسیوں نے گیلان کی طرف قدم بڑھایا، اور قندہار کے افغانوں کے ایک سردار محمود نامی نے دارالسلطنۃ اصفہان کا محاصرہ کر لیا۔ شیخ علی حزیں چاہتے تھے کہ اصفہان چھوڑ کر مع اپنے متعلقین کے کسی طرف نکل جائیں۔ مگر عزیز و اقارب مانع ہوئے اور یہ امیدیں دلاتے رہے کہ عنقریب محمود کو محاصرہ سے دست بردار ہو جانا پڑیگا مگر یہ توقع پوری نہ ہوئی اور چار مہینے کے محاصرہ کے بعد اصفہان فتح ہو گیا۔ محمود کی پادشاہت کا اعلان کیا گیا اور شاہ حسین قید ہو گیا۔ محاصرہ کے اخیر زمانہ میں شیخ خود سخت بیمار ہو گئے تھے اور ان کے دونوں بھائیوں اور دادی کا انتقال ہو چکا تھا، گھر میں دو تین خادمہ اور شیخ کے سوائے کوئی اور باقی نہ رہا تھا۔ شیخ کی بیماری میں جب کسی قدر تخفیف ہوئی تو وہ اپنے بعض دوستوں کی مدد سے بھیس بدل کر اصفہان میں محمود کے داخلے سے چند روز پیشتر باہر نکل گئے۔ اور گرد و نواح کے قصبات میں بسر کر کے بمشکل خوانسار ہوتے

ہوئے خرم آباد پہنچے۔ ملک علی مردان خاں وہاں کا حاکم اور شیخ کا دوست تھا اس کے پاس تقریباً دو سال رہے۔ جب خرم آباد کے لوگ ترکوں کے حملے کے خوف سے شہر چھوڑ کر بھاگ گئے تو شیخ کو بھی خرم آباد چھوڑنا پڑا۔ خرم آباد چھوڑ کر شیخ نے ہمدان کا رُخ کیا جو ترکوں نے فتح کرلیا تھا، یہاں پہنچکر شیخ نے بڑا کام یہ کیا کہ ترکوں کے عہدہ داروں سے مل کر قیدیوں کی ایک بڑی جماعت کو رہا کرا دیا۔ بعدہٗ نہاوند، ذرفول، شوستر کرمانشاہ، بغداد، کربلا معلی، نجف اشرف، کاظمین، مشہد، کردستان آذربائیجان، گیلان، اور مکہ معظمہ اور بحرین وغیرہ کی سیر سیاحت میں شیخ کی عمر کے تقریباً دس سال صرف ہوئے۔ ان میں سے بعض مقامات میں قیام کے متعلق چند امور قابل بیان معلوم ہوتے ہیں۔ کرمانشاہ کا سفر شیخ نے ترکوں کے لشکر کے ساتھ کیا تھا، راہ میں بیماری، ناتوانی اور شدت سرما سے سخت تکلیف اٹھائی۔ اس سفر میں شیخ کی ملاقات احمد پاشا سر لشکر اور فوج کے دوسرے سرداروں سے ہوگئی تھی، انہوں نے شیخ کی بہت تعظیم و تکریم کی، انہیں میں عبید اللہ ترکی لشکر کے قاضی تھے۔ ان کی نسبت شیخ صاحب ارشاد فرماتے ہیں کہ یہ صاحب مملکت روم میں علم و فضل میں بہت مشہور تھے، اور میرے ساتھ بہت محبت کرنے لگے تھے۔ مجھ سے ان سے اکثر علمی تذکرے ہوا کرتے تھے مگر

میں نے انہیں باوجود ریاست اور جاہ و اعتبار کے بیحد فرومایہ اور علم سے بیگانہ پایا' ان کا سرمایہ علمی صرف چند مسائلِ فقہ حنفیہ تک محدود تھا' اس قوم کے مشہور سے مشہور علما کو میں نے ایسا ہی پایا........ کرمانشاہ کے قیام ہی کے زمانے میں شیخ نے رسالہ مفرح القلوب مجربات طبیہ اور رسالۂ تجرد نفس لکھا۔ نجف اشرف کی زندگی شیخ کو بہت پسند آئی۔ ان کی تمنا تھی کہ وہ ایک کلام مجید اپنے ہاتھ سے لکھیں' اس کی تکمیل کا موقع انہیں نہیں ملا اور جو نسخہ انہوں نے لکھا وہ روضۂ مبارک میں رکھوا دیا۔ جس زمانے میں شیخ مشہد پہنچے شاہ طہماسپ صفوی بھی وہاں موجود تھا جس نے اپنے باپ شاہ حسین کے معزول ہو جانے کے بعد اپنی شاہی کا اعلان کیا تھا۔ شیخ کی شہرت اس زمانہ میں اس حد تک پہنچ چکی تھی کہ شاہ طہماسپ انسے ملنے کے لیے ان کے قیامگاہ پہ آیا اور بہت اعتقاد اور محبت سے ملا۔ اسی زمانہ میں نذر قلی بیگ افشار ابیوردی جس نے بعدۂ نادرشاہ کے نام سے عالمگیر شہرت حاصل کی شاہ طہماسپ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اور اپنی فطری لیاقت اور خدا داد قابلیت سے سلطنت کے کاروبار میں دخیل ہو گیا۔ نادر' شاہ طہماسپ اور اس کے امرا اور ارباب مناصب کو جو اس کے راستہ میں حایل تھے اچھی نظروں سے نہیں دیکھتا تھا۔ اور شاہ طہماسپ کے

مشیروں پر خاص نظر رکھتا تھا۔ شیخ اگرچہ باضابطہ طور سے زمرۂ امرائے دولت یا ارباب مناصب میں شریک نہ تھے تاہم خاندان صفویہ کے بڑے ہمدرد اور بہی خواہ تھے اس خاندان کا شیخ نے جن الفاظ میں ذکر کیا ہے اُن سے بوئے محبت اور دلسوزی آتی ہے، ممکن ہے کہ اس زمانہ میں شیخ صاحب بادشاہ کے بعض معاملات میں مشیر کار بھی ہوں۔ شیخ نے اس زمانہ میں رسالۂ رموز کشفیہ اور اپنا چوتھا دیوان مرتب کیا اور بوستان سعدی کے طرز پر ایک مثنوی لکھنی شروع کی جس کا نام "خرابات" رکھا، اس میں شیخ نے بادشاہ کو مخاطب کرکے بہت سی نصیحتیں کی ہیں۔ اگرچہ بصراحت شاہ طہماسپ کا نام نہیں ہے مگر قرینہ سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ شیخ کا تخاطب شاہ طہماسپ سے تھا، شیخ نے منجملہ اور نصیحتوں کے بڑا زور عقلا کی صحبت اختیار کرنے پر دیا ہے۔ فرماتے ہیں۔

خرد پروراں را خریدار باش — تن تیرہ سفلہ گو خوار باش

بپرور دل و عقل مشکل کشائے — و دانش پژوہان باہوش ورائے

بہ تدبیر سنجیدگاں کار کُن — ز مغز خرد سر گرانبار کُن

بروشن روانی بر آورد سے — کہ یک مرد دانا بہ از عالمے

....

بگیرائے نکو کار عبرت سگال — عیار حریفان بخو خصال

بصورت ہمہ آدمی پیکر اند   بسیرت بسے کم زگاؤ خر اند

کسی تذکرہ یا تاریخ سے اس کا پتہ نہیں چلتا کہ پادشاہ پر اس نصیحت کا کیا اثر ہوا البتہ اس قدر خود شیخ کے بیان سے مترشح ہوتا ہے کہ جب شاہ طہماسپ مشہد سے اشرف افغان کے مقابلہ کے لیئے نکلا ہے تو شیخ بطور رفیق کے اس کے ساتھ تھے۔ اور جب بادشاہ افغانوں کے چلے جانے کے بعد اصفہان میں دوبارہ آکر مقیم ہوا اس وقت شیخ اس کے صلاح اور مشوروں میں شریک رہا کرتے تھے۔ نادر اور طہماسپ میں کشمکش شروع ہو چکی تھی، ممکن نہیں کہ نادر کو یہ سب حالات نہ معلوم ہوں۔ ایسی حالت میں نادر کا شیخ سے کھٹکتے رہنا اور شیخ کا نادر کو باوجود اس کی نمایاں ملکی خدمتوں کے پسندیدہ نظر سے نہ دیکھنا کچھ تعجب انگیز نہیں سمجھا جا سکتا۔ نادر کا برتاؤ خاندان صفویہ کے ساتھ خواہ کیسا ہی رہا ہو مگر اُس نے اپنے ملک کو جس طرح افغانوں، ترکوں اور روسیوں کے ہاتھ سے بچا لیا۔ وہ یقیناً قابلِ قدر اور ستایش تھا مگر شیخ پر اس کا کوئی اثر نہیں معلوم ہوتا ہے۔ بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ نادر کی مزید ناخوشی کے خیال سے شیخ نے باوجود شاہ طہماسپ کے اصرار کے اس کی صحبت سے جہاں تک ممکن ہوا الگ رہنا پسند کیا جیسا کہ اُن کے قطعہ ذیل سے ظاہر ہوتا ہے :—

ایں قطعہ در جواب اشتیاق نامۂ پادشاہ مغفور شاہ طہماسپ ثانی صفوی ست

اے صاحبے کہ از اثر رنگ و بوئے تو — خون کرشمہ در جگر گلستاں کنم
گنجینۂ ضمیر کشایم بمدح تو — دست و دلِ نیاز جواہر فشاں کنم

....

از اعتدال طبع تو گر سر کنم سخن — صد گل بدامن تہی مہرگاں کنم
نگذاشت جوش عشق خجلت کف مرا — تا خامہ در ثنائے تو رطب اللساں کنم
از گردش زمانۂ ناساز شد ضرور — چندی وداع بزم توائے قدرداں کنم
از صبر ہیزند دل مغرور لا فہا — خواہم کہ خویش را بفراق امتحاں کنم

۱۱۴۵ھ میں شیخ نے حج کیا، مگر بظاہر مدینۂ منورہ نہیں گئے اور جب وہ اس سفر کے بعد بندر عباس پہنچے تو اُن کو معلوم ہوا کہ نادر نے شاہ طہماسپ کو معزول کر کے اُس کے دو مہینے کے بچے شاہ عباس کو تخت نشین کیا ہے اور خود تمام سفید و سیاہ کا مالک ہے۔ شیخ کا بیان ہے کہ جب وہ بندر عباس سے بقصد اصفہان روانہ ہوئے تو راہ میں جس قصبہ یا قریہ سے گزر ہوتا تھا، رعایا جوق جوق آکر حکام کے ظلم و زیادتی کی شکایت کرتی تھی اور مدد چاہتی تھی، یہی حالت قصبۂ لار تک برابر پیش آتی رہی۔ لار کے قیام میں ایک ایسا واقعہ پیش آگیا کہ شیخ کو مجبوراً ایران چھوڑنا

پڑا اس کی تفصیل یہ ہے کہ نادر کے تسلط کے زمانہ میں ملک کا جو جدید انتظام ہوا اس میں لار کا حاکم ولی محمد خاں مسرور مقرر کیا گیا، اس کے ساتھ چار سو سپاہی اور بہت سے نوکر چاکر تھے چونکہ اس وقت ایران کی مالی حالت نہایت ابتر تھی اس لیے حکم یہ دیا گیا کہ حاکم اور سپاہیوں کے خورو نوش کے روزانہ مصارف لار کی رعایا سے وصول کیے جائیں، رعایا جو افغانوں کی لوٹ مار اور راستوں کی بدامنی سے پہلے ہی شکستہ حال اور مبتلائے قحط اور گرانی تھی، اس بار گراں کو بمشکل برداشت کر سکتی تھی، اس پر طرّہ یہ ہوا کہ ایک دوسرا عہدہ دار اضافہ محصولات کے لیے بھیجا گیا اور رعایا کو حکم دیا گیا کہ وہ ہر گھر سے ایک سپاہی سازو سامان کے ساتھ مہیا کرے جسے امیر بلدہ کی رکاب میں رہ کر بلا کسی تنخواہ کے کام کرنا ہوگا۔ لوگ ان سختیوں سے نالاں تھے اور شیخ کے پاس آکر شکایتیں کرتے تھے۔ شیخ عمّال کو سمجھاتے اور ملامت کرتے تھے مگر اس کا کوئی اثر نہ ہوتا تھا۔ رفتہ رفتہ اس کشمکش کا نتیجہ یہ ہوا کہ رعایا نے بغاوت کر کے حاکم قصبہ کے مکان پر حملہ کیا اور ولی محمد خاں مسرور مع اپنے چند غلاموں کے مارا گیا۔ اور گرد و نواح کے قصبات اور دیہات میں بدامنی پھیل گئی۔ جب اس کی خبر محمود خاں بلوچ کو پہنچی جو نادر کی طرف سے فارس کا حاکم تھا تو وہ قصبۂ جہرم کا محاصرہ چھوڑ کر لار آیا۔ لاریوں نے اس کا مقابلہ کیا مگر

کامیابی نہ ہوئی آخر کار انہیں لار چھوڑ کر بھاگ جانا پڑا۔ جہرم میں جو بغاوت ہو رہی تھی اس کا بانی مبانی عبدالغنی جہرمی تھا جو شیخ کا بڑا دوست تھا، یہ سب حالات ایسے تھے جن سے حکام کو شیخ کی طرف سے بدگمانی کا پورا موقع تھا، چنانچہ وہ ملک کے اس حصہ کی بدنظمی کا شیخ کو ذمہ دار قرار دیتے تھے۔

شیخ لار سے نکل کر بندر عباس اور جیرون ہوتے ہوئے بہ تغیر لباس محفہ میں بیٹھکر کرمانشاہ پہنچے اور گوشہ نشینی اختیار کی، سب سے ملنا جلنا چھوڑ دیا مگر چند روز میں شیخ کی آمد کا حال سب کو معلوم ہوگیا، علاوہ اس کے شیخ کو یہ خبر ملی کہ نادر نے ترکوں کو شکست دیکر بغداد سے ہٹا دیا ہے اس خیال سے کہ شاید اب انہیں کربلا، اور نجف اشرف جانے کا راستہ مل جائے، وہ پھر بندر عباس آئے مگر اس وقت بھی راستہ نہ ملا، اور بندر عباس میں بھی حکام کی بدگمانیوں کی وجہ سے قیام ممکن نہ تھا۔ ناچار ۱۰ رمضان ۱۱۴۶ھ کو بقصد ہند روانہ ہوئے۔

بیس بائیس دن کے سفر کے بعد جہاز ٹھٹھہ پہنچا۔ شیخ کا بیان ہے کہ "میں نے ارادہ کرلیا تھا کہ میں ہندوستان میں اس طرح رہونگا کہ کوئی شخص میرے نام اور حالات سے مطلع نہ ہونے پائے، مگر بسم اللہ ہی غلط ہوئی۔ ٹھٹھہ میں جس دن میں پہنچا اسی دن بعض ایرانی تجار اور خوش باشوں کو اطلاع ہوگئی، اور میری پوشیدہ رہنے کی خواہش اس ملک میں کسی جگہ بھی نہ پوری ہونے پائی۔ اگر میری یہ خواہش پوری ہوجاتی تو جو مصائب اور تکلیفیں مجھے اس ملک میں لوگوں کے

ملنے چلنے سے اُٹھانی پڑیں ان سب سے میں بچ جاتا۔ میری زندگی کا جو حصہ اس ملک میں بسر ہوا اسے میں زندگی میں محسوب نہیں کرتا۔ اس ملک اوراس کے باشندوں کے جو حالات اور اوضاع سُنتے تھے وہ سب میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھ لیے' بلکہ وہ امور بھی دیکھ لیے جو کبھی میرے خیال میں بھی نہ آئے تھے۔'' غرض کہ شیخ چند روز ٹھٹھہ اور خدا آباد میں بیمار پڑے رہے اور جب طبیعت کسی قدر سنبھلی تو ذریعہ کشتی بھکر اور بھکر سے ملتان آئے اور یہاں کچھ ایسے اسباب پیش آگئے کہ شیخ کو دو سال کامل قیام کرنا پڑا۔ یہاں بھی شیخ بیمار ہی رہے مگر اس زمانہ میں انہوں نے کنہ المرام قضا و قدر کے متعلق ایک رسالہ لکھا اور بعض دوسرے رسالے تصنیف کیے جن کے نام شیخ نے نہیں بتائے ہیں۔ جب بیماری سے کسی قدر افاقہ ہوا تو لاہور کا قصد کیا اور تین مہینے وہاں ٹھہر کر شاہجہاں آباد گئے وہاں ایک سال قیام کرکے پھر لاہور اس ارادہ سے آئے کہ کابل اور قندھار کے راستے سے ممالک خراسان میں پہنچکر کسی مقام پر عزلت گزیں ہوجائینگے مگر لاہور پہنچکر معلوم ہوا کہ نادر قندھار کے محاصرہ میں مصروف ہے اور راستہ میں امن نہیں ہے۔ طبیعت ناساز تھی اور برسات کا موسم سر پر آگیا تھا اس لیے کسی طرف جنبش نہیں ہوسکتی تھی۔ شیخ کو لاہور ہی میں یہ خبر ملی کہ کہ نادر جو شاہ عباس طہماسپ کے نابالغ بیٹے کو معزول کرکے خود ایران کا

بادشاہ ہو گیا تھا کابل کے فتح کے بعد ہندوستان آرہا ہے۔ اس خبر نے شیخ کو سخت قلق اور اضطراب میں ڈال دیا۔ "نہ جائے رفتن نہ پائے ماندن" غرضکہ سوچ سانچ کے یہی رائے قرار پائی کہ پھر شاہجہاں آباد جانا چاہیے اس رائے کے مطابق عمل کیا اور بہزار خرابی اور دقت لاہور سے شاہجہاں آباد آکر گوشہ نشین ہو گئے۔ شاہجہاں آباد میں نادر کا آنا اور شاہجہاں آباد کے باشندوں کے قتل کا ہنگامہ سب شیخ کی آنکھوں کے سامنے ہوا۔ نادر کی واپسی کے بعد شیخ ایک عرصہ تک شاہجہاں آباد ہی میں رہے، مگر انہوں نے اپنے تذکرۃ الاحوال میں وہاں کے علماء، فضلاء اور شعراء کا کوئی ذکر نہیں کیا ہے۔ ہندوستان کے حالات شروع کرتے ہی انہوں نے اپنا وہ طریقہ جو ایران کے قصبات تک کے لیے مخصوص تھا بالکل چھوڑ دیا ہے۔ بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ اِس ملک کے آدمیوں کو اس قابل نہ سمجھتے تھے کہ ان کا تذکرہ اپنے تعلقات کے سلسلے میں کیا جائے، حالانکہ ان میں سے بعض اشخاص اور امراء ایسے تھے جنھوں نے ان کے ساتھ بیحد عقیدت کا اظہار کیا تھا اور ان کے ساتھ بحسن سلوک پیش آئے تھے، اور اس لحاظ سے ضرور قابلِ ذکر تھے۔ بہرحال اس کمی کو ہم ان کے ان معاصرین کے بیانات سے پورا کرینگے جنھوں نے اپنے تذکروں میں شیخ کا ذکر کیا ہے۔ ان سب میں والہ داغستانی صاحب ریاض الشعراء سب سے زیادہ معتبر اور قابلِ لحاظ ہیں

کیونکہ وہ ایران سے ہندوستان تک تقریباً شیخ کے ہم سفر رہے تھے اور
بعض ایسے واقعات کھول کر بیان کرتے ہیں جنھیں شیخ نے مجمل چھوڑ دیا ہے۔
والہ داغستانی شیخ کا نام و نسب اور سنہ تولد وغیرہ بیان کرنے کے بعد لکھتے ہیں
کہ شیخ کو بعض علوم میں مہارت ہے، مختلف خط نہایت شیریں لکھتے ہیں،
حسن تقریر اور صفائے تحریر میں یگانۂ روزگار اور سخنوری کے تمام شعبوں کے
جامع اور اس کی تمام روشوں پر حاوی ہیں، اوائل حال میں انہوں نے
ایران کے تقریباً تمام ممالک کی سیر و سیاحت کی ہے اور مدتوں دار السلطنت
اصفہان اور دار العلوم شیراز میں رہ کر بعض علوم تحصیل کیے ہیں، اور اس
زمانہ کے شعراء کی صحبت میں رہ کر درجۂ کمال کو پہنچے ہیں۔ سنہ ۱۱۴۱ھ میں حج سے
مشرف ہو کر بلدۂ لار میں آکر ٹھہرے۔" اس واقعہ کے دو مہینے کے بعد ہی اس
شہر کے رہنے والوں نے میرزا باقر خاں کلانتر کی سرکردگی میں ولی محمد خاں شاملو
متخلص بہ مسرور کے مکان پر حملہ کیا جو نادر کی طرف سے وہاں کا حاکم تھا۔ اس
ہنگامہ میں ولی محمد خاں مارا گیا۔ اس کے قتل کے بعد میرزا باقر خاں اور
اس کے ہمراہی شیخ کے پاس آئے اور اپنے فعل شنیع کا اقرار کیا اور قرار یہ پایا
کہ ایسی حالت میں نادر کی حکومت کا جوا گردن سے اتار کر پھینک دینا
چاہیے اس بناء پر ان لوگوں نے بغاوت اختیار کی۔ اس زمانہ میں حاجی
غنی بیگ جہرم کا حاکم بھی نادر سے منحرف تھا اور محمد خاں بلوچ جو نادر کی

طرف سے جہرم کا محاصرہ کیے ہوئے پڑا تھا، لار کی بغاوت کی خبر سنکر فوراً
ایک کثیر جمعیت کے ساتھ اس طرف متوجہ ہوا۔ شیخ اور کلانتر مذکور نے باشندگان
شہر کے ساتھ مل کر اس کا مقابلہ کیا، مگر لار کے قلعہ میں جو لوگ حاکم مقتول کے
ساتھی موجود تھے انہوں نے اہلِ شہر کا ساتھ نہ دیا اس لیے اہلِ شہر سے بجز
اس کے کچھ نہ بن پڑا کہ وہ آدھی رات کو شہر کے ایک طرف سے نکل کر متفرق
ہو گئے، بعض گرفتار ہوئے بعض مارے گئے، اور بہت تھوڑے بچے۔
ولی محمد خاں کے قتل اور اس بغاوت کا سارا الزام شیخ کی گردن پر پڑا اور
شیخ بہزار زحمت سواحل عمان تک پہنچے اور سفر کی ناقابلِ برداشت مصائب
اُٹھا کر پھر بندر عباس آئے اور کرمان پہنچکر اردبیل کا ارادہ کر رہے تھے
کہ کرمان کے کلانتر کو اُن کے آنے کی خبر ہو گئی اور اُس نے ولی محمد خاں مرحوم کے
ایک نوکر کی مخبری پر جو اتفاقاً وہاں موجود تھا اس کی اطلاع وہاں کے بیگلربیگی
محمد تقی خاں کو کی اور شیخ کی اہانت اور ایذا رسانی کا ارادہ کیا اس زمانہ میں میں
بھی بعزم ہندوستان بندر عباس آیا ہوا تھا مگر موسم سفرِ دریا گذر چکا تھا
اس لیے بہ انتظار موسم آیندہ کرمان میں مقیم تھا۔ جب مجھے یہ خبر معلوم
ہوئی تو میں نے کلانتر کو اس کے اس ارادہ سے روکا اور بیگلربیگی کو جس کا
مجھ سے بہت ربط ضبط تھا اس پر راضی کیا کہ وہ کوئی کارروائی شیخ کے
خلاف نہ کرے۔ اور شیخ کو اپنے ساتھ لیکر بندر عباس آیا۔ میرزا اسمٰعیل

زمیندار رے نے جو اس زمانہ میں بندر عباس کا حاکم تھا ہم لوگوں کی بڑی مہمان داری کی۔ شیخ کو اس کے پاس چھوڑ کر میں تو ایک جہاز پر جو ہندوستان جا رہا تھا توکل بخدا سوار ہو گیا۔ میرے ہندوستان پہنچنے کے دس دن بعد کیا دیکھتا ہوں کہ شیخ صاحب بھی چلے آتے ہیں، معلوم ہوا کہ اسی مقدمہ کی وجہ سے ان کا بندر عباس میں قیام متعذر ہو گیا تھا اور اس لیے ناچار انہیں ہندوستان کی عزیمت کرنی پڑی۔ القصہ کبھی ساتھ ساتھ اور کبھی آگے پیچھے سفر کرتے ہوئے ہم لوگ دہلی پہنچے۔ شیخ صاحب چند روز دہلی میں قیام کر کے پھر لاہور واپس چلے گئے۔ وہ لاہور ہی میں تھے کہ نادر کے ہندوستان آنے کی خبر گرم ہوئی ایسی حالت میں شیخ کو بجز اس کے چارہ نہ تھا کہ وہ پھر دہلی آ جائیں چنانچہ انہوں نے ایسا ہی کیا اور میرے غریب خانہ میں آ کر اس وقت تک پوشیدہ رہے جب تک کہ نادر شاہ کی واپسی نہ ہوئی۔ اس کے جانے کے بعد شیخ نے پھر لاہور کا قصد کیا اور وہاں جا کر قیام پذیر ہوئے اس قیام کے زمانہ میں کچھ ایسے اسباب پیش آئے جن کی تفصیل طویل ہے جس کی وجہ سے لاہور کا صوبہ دار ذکریا خاں دلیر جنگ ان کے درپے آزار ہو گیا۔ اتفاقاً اسی زمانہ میں میرے عزیز دوست حسن علی خاں کاشی جو بادشاہ ہند کی طرف سے بطور سفیر ایران بھیجے گئے تھے واپس ہو کر لاہور میں مقیم تھے میں نے انہیں شیخ کے متعلق لکھا اور وہ شیخ کو اپنے ساتھ نہایت آرام

اور آسایش کے ساتھ پھر دہلی واپس لائے اور اس تحریر کے وقت تک دہلی میں تشریف فرما ہیں۔ پادشاہ، امراء اور دہلی کی عامہ خلایق ان کے ساتھ بکمال محبت، اور مراعات پیش آتی ہے، لیکن شیخ اپنی جبلی مروت اور ذاتی طبیعت سے مجبور ہیں، اور بادشاہ، امراء اور عامہ خلایق میں سے کوئی شخص ایسا نہیں ہے جس کی وہ ایسی رکیک ہجویں جو شیخ کی شان کے بالکل منافی ہیں، نہ کرتے ہوں۔ ہر چند میں نے اس ادائے زشت اور خوئے پست سے انہیں باز رکھنا چاہا مگر کچھ مفید نہ ہوا اور وہ اپنے کار ناہنجار میں مصروف ہیں۔ چونکہ مجھ پر بادشاہ کے نمک اور امراء اور بیگناہ دوستوں کے حق محبت کا پاس لازم ہے اس لیے میں نے ان بزرگوار سے ملاقات اور ملنا چلنا بالکل ترک کر دیا ہے، اس ملک کے بزرگوں کے خلق کریم اور کرم عمیم پر آفریں اور صد آفریں ہو کہ باوجود قدرت اور اختیار کے ان سے انتقام لینے کا خیال نہیں کرتے، اور بکمال حلم اور مروت سے کام لیکر ان کے ساتھ رعایتیں کرتے اور ان کی خبرگیری سے پہلوتہی نہیں کرتے ہیں اور یہ امر عقلائے ایران کے لیۓ جو اس ملک میں بلائے غربت اور کربت میں مبتلا ہیں۔ زیادہ تر موجب خجالت ہوتا ہے۔

ہر کہ پا کج میگذارد ما دل خود میخوریم
شیشۂ ناموس عالم در بغل داریم ما"

دوسرا انتخاب مولانا غلام علی آزاد کے "سرو آزاد" سے کیا جاتا ہے مولانا
شیخ کے حال میں بعد نام و نسب وغیرہ کے تحریر فرماتے ہیں کہ "جب ممالک ایران
پر نادر شاہ کا تسلط ہو گیا اور وہ امن و امان جو صفویہ خاندان کے بادشاہوں
کے زمانہ میں تھا باقی نہ رہا تو شیخ نے ہندوستان کا قصد کیا اور ۱۱۴۷ھ
میں بندر ٹھٹہ پہنچے اور سوستان اور خدا آباد کے راستہ سے بھکر آئے
اتفاقاً اسی زمانہ میں میں بھی سندھ سے بارادہ ہند چلا تھا بھکر میں شیخ سے
اکثر ملاقاتیں ہوئیں۔ شیخ علوم عقلی اور نقلی کے جامع اور نظم و نثر میں بلند
مرتبہ رکھتے ہیں۔ شیخ بالآخر براہ ملتان و لاہور دارالخلافت دہلی پہنچے اور
تقریباً چودہ سال دہلی میں مقیم رہے۔ ۱۱۶۱ھ میں دہلی سے نکل کر چند روز
اکبرآباد میں ٹھہرے اور وہاں سے بنارس گئے، بنارس میں چند روز
قیام کر کے پٹنہ عظیم آباد کا ارادہ کیا مگر وہاں بھی جی نہ لگا اور پھر بنارس
آ گئے اور وہیں مقیم ہیں۔ بھکر میں جس وقت شیخ سے ملاقات ہوئی
تھی تو شیخ نے اپنے قلم سے اپنے کچھ اشعار لکھکر عنایت فرمائے تھے۔"

مولانا غلام علی نے شیخ کا ذکر خزانۂ عامرہ میں زیادہ تر تفصیل سے
کیا ہے اور تقریباً وہی تمام واقعات لکھے ہیں جو والہ داغستانی کے
انتخاب میں نذر ناظرین ہو چکے ہیں البتہ اتنا زیادہ لکھا ہے کہ "عمدۃ الملک
امیر خاں انجام نے فردوس آرامگاہ (محمد شاہ) سے سفارش کر کے

ایک سیر حاصل جاگیر شیخ کے مصارف کے لیے مقرر کرا دی تھی"۔ اس وقت خان آرزو کا رسالہ تنبیہ الغافلین شایع ہو چکا تھا اس کا ذکر بھی کیا ہے اور خان آرزو کے بعض اعتراضات کا جواب دیا ہے اور شیخ کے عربی کے بعض اشعار پر خود نکتہ چینی کی ہے۔ اور شیخ کی تاریخ وفات بھی قطعہ ذیل سے نکالی ہے۔

علامہ عصر شاعرے خوب — افسوس کہ از میانہ برخاست
تاریخ وفات او نوشتم — از فوتِ حزیں حزیں دل ماست

تیسرا انتخاب میر حسین دوست صاحب تذکرہ حسینی سے پیش کیا جاتا ہے یہ بھی شیخ کے معاصر ہیں۔ وہ بعد ضروری مراتب کے لکھتے ہیں کہ شیخ نادر شاہ کے ہندوستان آنے سے پہلے دارالخلافت شاہجہاں آباد میں آگئے تھے، اور نہایت احتشام، عزلت اور استغنا کی زندگی بسر کرتے تھے۔ بادشاہ فردوس آرامگاہ (محمد شاہ) نے مکرر شیخ سے ملاقات کی خواہش ظاہر کی مگر شیخ صاحب اس پر راضی نہ ہوئے اور نہ ہندوستان سے کسی مالی امداد لینے پر رضامندی ظاہر کی، مگر عمدۃ الملک امیر خاں جب الہ آباد سے شاہجہاں آباد آئے تو شیخ کے بہت معتقد ہو گئے۔ انہوں نے مدد خرچ کے لیے ایک سند چھ لاکھ دام کی مرتب کرکے پیش کی، چونکہ شیخ صاحب کو امیر خاں کے ساتھ ایک قسم کا ربط ہو گیا تھا اس لیے

شیخ صاحب نے اس کے رد پر اصرار نہ کیا۔ امیر خاں نے یہ سند ایک شخص کے سپرد کر کے حکم دیا کہ زر محاصل فصل بہ فصل حاصل کر کے شیخ کی سرکار میں پہنچاتا رہے۔ اس وقت شیخ صاحب بنارس میں مقیم ہیں۔ انہیں فن شعر میں مہارت کلی حاصل ہے۔ قدیم اور جدید دونوں طرز پر شعر فرماتے ہیں ملنے جلنے میں بے نظیر ہیں، خط ثلث، نسخ، رقاع اور شکستہ نہایت عمدہ لکھتے ہیں، اور ژند و پاژند اچھی طرح جانتے ہیں۔ اور غرائب علوم سے واقف ہیں مگر ہندوستان کے شعراء کو اپنی شاعری کے مقابلہ میں ہیچ اور لوچ سمجھتے ہیں۔"

چوتھا انتخاب لچھمی نرائن شفیق اورنگ آبادی تلمیذ میر غلام علی آزاد کے تذکرہ "شام غریباں" سے کیا جاتا ہے، یہ بھی تقریباً شیخ کے معاصر ہیں۔ وہ تمہیدی بیان کے بعد لکھتے ہیں کہ "وہ نادر شاہی ہنگامہ میں ہندوستان آئے اور دار الخلافت شاہجہاں آباد میں بعزت تمام بسر کرنے لگے، آخر آخر بنارس میں قیام اختیار کیا۔ چونکہ اُن کے والد کا نام ابو طالب تھا اس لیے انہوں نے اپنا نقش نگین "علی بن ابو طالب" اختیار کیا تھا۔ گیارہ جمادی الاول ۱۱۸۰ھ کو انتقال کیا اور اس قبر میں جو انہوں نے بنارس میں اپنی زندگی میں تیار کرائی تھی مدفون ہوئے "خدایش بیامرزاد" سے ان کی تاریخ وفات نکلتی ہے۔ مہدی علی خان آئین

حارس قلعہ دولت آباد نے ان کے وفات کی بیحد عمدہ تاریخ نکالی ہے ۔

وہو ہذا

شیخ دانشمند استاد سخن سنجان عصر بر سر ایں خاکدان کہنہ افشاند آستین
سال تاریخش آمین دولت آبادی نوشت رفت زیں عالم علی بن ابیطالب حزیں

شاہ ہدایت اللہ وحدت کابلی ۱۱۰۵ھ میں اورنگ آباد دکن سے
شاہجہاں آباد کسی کام کے لیئے گئے تھے وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے شاہجہان آباد
پہنچکر یہ ارادہ کیا کہ شیخ سے ملوں اور اس نیت سے اُن کے دروازہ پر پہنچا،
دروازہ پر حاجب موجود تھا میں نے حاجب سے کہا کہ میرے آنے کی خبر کردو
اس نے پوچھا کہ کیا کہوں میں نے کہا صرف اتنا کہو کہ ایک درویش دکن سے
تازہ وارد ہے اور آپ سے ملنا چاہتا ہے ۔ حاجب اندر گیا اور اجازت لیکر
آیا اور مجھ کو اندر لے گیا میں نے دیکھا کہ ایک عالیشان عمارت میں فرش
بچھا اور مسند لگی ہے اور شیخ وہاں تشریف فرما ہیں ۔ جب میں نزدیک پہنچا
تو شیخ نے بیٹھے بیٹھے مصافحہ کیا اور مطلق اپنی جگہ سے جنبش نہ کی میں بھی
ایک کونہ مسند کا دبا کر بیٹھ گیا ۔ جب میں بیٹھ گیا تو شیخ نے پوچھا کہ کہاں سے
آنا ہوا میں نے کہا دکن سے اس کے بعد میں نے کہا کہ مولوی محمد باقر شہید[1] نے

---

[1] مولوی محمد باقر کا خاندان ایرانی تھا، اور قوم کے ترک تھے، ان کے اجداد میں سے ایک صاحب نے ایران سے آکر احمد آباد گجرات میں توطن اختیار کیا اور شہید وہیں پیدا ہوئے

(باقی بر صفحہ ۳۰)

آپ کو سلام کہا ہے۔ بعینہٖ واحد پوچھا کہ وہ کہاں ہے میں نے کہا کہ
اورنگ آباد میں ہیں۔ دریافت کیا کہ اب بھی وہ شعر کہتا ہے میں نے کہا کہ
جی ہاں اب بھی شعر کہتے ہیں کہا اگر ان کا کوئی شعر یاد ہو تو پڑھو۔ میں نے
یہ شعر پڑھا۔

انا الحق گفتن منصور تا دیلے نمی خواہد
گدا گم میکند خود را چو دولت میکند پیدا

شیخ نے جو خود درویش اور درویشوں کے خاندان سے تھے اس کو سن کر
تھوڑا سا تامل کیا اور کہا کہ میں نے آپ کو نہیں پہچانا تھا اور یہ کہکر اُٹھے
اور اُٹھ کر معانقہ کیا اور مسند پر اپنے برابر بٹھایا۔ کھانا منگایا اور ہم دونو
نے ساتھ کھایا۔ فراغت کے بعد جب میں چلنے لگا تو سروقد اُٹھ کر مجھے
رخصت کیا۔"

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) عنفوان شباب میں احمد آباد چھوڑ کر دکن آگئے۔ چند روز ملازمت کرتے رہے بعدہٗ
ملازمت ترک کرکے اورنگ آباد دکن ہی میں رہنے لگے۔ حج کے لیے گئے۔ بندر ٹھٹھہ میں شیخ علی حزیں
سے ملاقات ہوگئی اور اُن کے ایسے گرویدہ ہوئے کہ ان کے شاگرد اور مرید ہوگئے۔ حج سے واپسی کے
بعد اورنگ آباد آکر بالکل گوشہ نشین ہوگئے اور گھر سے نکلنا مطلق چھوڑ دیا۔ ۱۱۷۴ھ
تک زندہ تھے۔
ماخوذ از تذکرہ بےنظیر مؤلفہ سید عبدالوہاب بخاری دولت آبادی کے از شاگردان مولانا غلام علی آزاد

جو واقعات اور حالات اس وقت تک لکھے جا چکے ہیں ان سے شیخ کی عادت، اور جبلت کے متعلق جو امور باسانی مستنبط ہو سکتے ہیں وہ یہ ہیں کہ وہ ایک مخصوص طبیعت کے انسان تھے۔ فطرت نے انہیں فہم و ادراک سے حظ وافر عطا کیا تھا، علم و فضل کی تحصیل اور تکمیل، اور اہل علم کی صحبت کے دلدادہ تھے۔ جہاں جاتے اور رہتے وہاں اسی طبقے کے لوگوں میں زندگی بسر کرنا چاہتے تھے، جذبات اور احساسات قوی تھے کمزوروں اور ضعیفوں پر جور و جفا ہوتے ہوئے دیکھ کر خاموش نہیں رہ سکتے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ اکثر مقامات میں سیاسی معاملات میں دخل دیکر مورد الزام ٹھہرے اور اس زمانے کے حکام انہیں مشتبہ نظروں سے دیکھنے لگے۔ شیخ میں سب سے بڑا عیب ان کا تعصب اور بدماغی تھی۔ نہ وہ ایران سے بہتر دنیا میں کسی ملک کو سمجھتے تھے اور نہ اپنے علم و فضل کے مقابلہ میں کسی شخص کے علم و فضل کو کوئی مرتبہ دیتے تھے۔ یہی وہ امور ہیں جنہوں نے انہیں عمر بھر پریشان رکھا۔

ہندوستان پر ان کی خاص نظر عنایت تھی اور جو امکانی عیوب ذہن میں آ سکتے تھے ان سب کا وہی مورد تھا۔

شیخ کے تذکرۃ الاحوال کی صفحہ سرگردانی سے جو فرد قرار داد جرم ہندوستان کے لیے مرتب ہوتی وہ یہ ہے۔

(۱) ہندوستان کی آب و ہوا بیحد خراب ہے

(۲) وہاں کے باشندوں کے اوضاع و اطوار اس سے زیادہ تکلیف دہ اور ناقابل برداشت ہیں۔ یہ لوگ بے غرض کسی کے دوست نہیں ہوتے بیوفائی ان کی خلقت میں داخل ہے اور فہم و ادراک سے عاری ہیں۔

(۳) وہاں معیشت اور زندگی سخت مشکل اور دشوار ہے، اور بغیر زر وافر اور زور موفور اور بلدیت کے کوئی شخص زندگی بسر نہیں کر سکتا، اور اس کی فراہمی کے بعد بھی زندگی مختل اور بے مزہ گزرتی ہے۔

